Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۰ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۷ شوال المکرم ۱۳۵۸ھ مطابق ۹ دسمبر ۱۹۳۹ء جلد ۵۲

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

۱	انتظام بسلسلہ ڈسچارج لفٹنٹ سردار حسن خاں	۲
۲	منظوری نقشہ تعطیلات ریاست رامپور بابت سال ۱۹۴۰ء	۳ تا ۴
۳	ممانعت بابت اسمگلنگ شیرہ گلدار	۴
۴	منظوری ترمیم تاریخ اشاعت نفاذ "اصلاحات بسلسلہ تشکیل جدید مجلس وضع قوانین" بذریعہ گزٹ غیر معمولی یکم جنوری ۱۹۴۰ء	″
۵	رخصت عبد الله آرمیچر صیغہ روشنی برقی	″
۶	رخصت منشی عبد الکبیر خاں اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ آڈٹ	۵ تا ۴
۷	متفرق احکام اجلاس ہمایون	۶ تا ۵

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- واقع ۵ دسمبر ۱۹۳۹ء

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بحکم ۳۰ نومبر ۱۹۳۹ء لفٹنٹ سرور حسن خاں کو اسٹاف سے فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں بحیثیت ریزرو آفیسر تبدیل کیا گیا ہے۔ انکو فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں تبادلے سے انکار ہے۔ یہ امر نہایت نامناسب ہے کہ افسران اسٹاف فوج میں تبادلے سے گریز کریں۔ لہذا حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں:-

(۱) لفٹنٹ سرور حسن خاں کو ملازمت سے ڈسچارج کیا جاتا ہے۔

(۲) سکنڈ لفٹنٹ محمد حسن خورشید اے ڈی سی کو فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں بحیثیت "ریزرو آفیسر" برینک موجودہ تبدیل کیا جاتا ہے۔

(۳) کپتان منظور حسن خاں۔ کمانڈنٹ فورٹ کو اے ڈی سیز میں تبدیل کیا جاتا ہے۔

(۴) صوبہ دار عبد الحمید خاں سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری کو بعہدے رینک "سکنڈ لفٹنٹ" کمانڈنٹ فورٹ مقرر کیا جاتا ہے۔ سکنڈ لفٹنٹ رینک کی تنخواہ ملے گی۔

(۵) جمعدار اشفاق حسین خاں کو تھرڈ رامپور رفعت انفنٹری سے بجائے عبد الحمید خاں سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری میں بعہدے رینک صوبہ دار تبدیل کیا جاتا ہے صوبہ دار رینک کی تنخواہ ملے گی۔

(۶) تھرڈ رامپور رفعت انفنٹری میں جمعدار اشفاق حسین خاں کی جگہ تخفیف کیجاتی ہے

(۷) بسلسلہ انتظام تبادلہ سرور حسن خاں حسب روبکار صادرہ ۳۰ نومبر ۱۹۳۹ء بجٹ میں جو بچت ہوئی تھی وہ انتظام مندرجہ بالا سے پوری ہوتی ہے۔ بجٹ پر کوئی بار نہیں ہوتا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ احکام ضابطہ جاری ہوں اور آرڈر جاری کیا جائے

حکم:- واقع ۵ دسمبر ۱۹۳۹ء

فرد عرضداشت جناب پرائیوٹ سکرٹری بہادر بابتہ تعطیلات مندرجہ حکم منظوری نقشہ تعطیلات (برائے ۱۹۴۰ء) مرتبہ میر منشی صاحب اجلاس ہمایون (منسلکہ)

رپورٹ ملاحظہ ہوئی۔ تعطیلات مندرجہ نقشہ کی بابت سنہ ۱۹۴۰ء منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ متعلقہ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نقشہ تعطیلات ریاست رامپور بابتہ سال سنہ ۱۹۴۰ء

(۱) تعطیلات مندرجہ ذیل بعد حکم تاریخ کے منظور فرمائی گئی ہیں۔

(۲) چند گرمیں جس شب کے ہو [illegible] او سی گرمی [illegible] تعطیل ہوگی۔

(۳) علاوہ تعطیلات مندرجہ ذیل ہفتوں تعطیل روز جمعہ ہفتہ وار ہوا کریگی۔

(۴) تعطیلات مندرجہ ذیل میں بغیر منظوری صاحب مجلس اجازت کی ضرورت نہ ہوگی لیکن کوئی ملازم بغیر اجازت افسر اپنے ہیڈ کوارٹر کو نہیں چھوڑ سکتا۔

(۵) تعطیل پر ہر جگہ کا سرکاری مقدم متصور ہوگا۔

(۶) رویت ہلال کے مقدم و موخر ہونے پر تعطیل میں ترمیم ہوسکیگی۔

(۷) ماہ رمضان المبارک میں جملہ دفاتر و مدارس، عدالتوں کے آخری

حصہ ادفاتر [illegible] ایک گھنٹہ کی تخفیف ہوگی۔

دستخط میر منشی صاحب اجلاس ہمایوں (صدر)

نمبر شمار	نام تعطیل	تاریخ ہجری	تاریخ عیسوی	تاریخ سمت بکرمی	دن	تعداد ایام	کیفیت
۱	نیو ایرس ڈے (نوروز)	۲۱ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۸ھ	یکم جنوری سنہ ۱۹۴۰ء	پوس بدی ۷ سنہ ۱۹۹۶ بکرمی	دوشنبہ	۱	
۲	یوم مبارک حج	۹ ذی الحجہ	۲۰ جنوری	پوس سدی دسمی	شنبہ	۱	
۳	عید الاضحیٰ	۱۰ لغایت ۱۲ ذی الحجہ	۲۱ لغایت ۲۳ جنوری	پوس سدی اکادشی لغایت تیرودشی	یکشنبہ لغایت سہ شنبہ	۳	
۴	عید غدیر	۱۸ ذی الحجہ	۲۹ جنوری	ماگھ بدی پانچمی	دوشنبہ	۱	
۵	محرم الحرام	یکم لغایت ۱۲ محرم ۱۳۵۹ھ	۱۰ لغایت ۲۱ فروری	ماگھ سدی دوج لغایت تیرودشی	شنبہ لغایت چہارشنبہ	۱۲	تعطیل بحساب رویت [illegible]
۶	شیوراتری	۲۸ محرم الحرام	۷ مارچ سنہ ۱۹۴۰ء	پھاگن بدی چودس	پنجشنبہ	۱	
۷	نوروز شمسی	۱۲ صفر	۲۱ مارچ	پھاگن سدی دوادشی	پنجشنبہ	۱	
۸	ہولی	۱۴ و ۱۵ صفر	۲۳ و ۲۴ مارچ	پھاگن سدی پورنماشی لغایت چیت بدی پڑوا	شنبہ و یکشنبہ	۲	
۹	چہلم شہدائے کربلا	۲۰ صفر	۳۰ مارچ	چیت بدی ستمی	شنبہ	۱	
۱۰	بارہ وفات شریف	۱۲ ربیع الاول	۲۱ اپریل	چیت سدی چترادشی	یکشنبہ	۱	
۱۱	ولادت حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم	۱۷ ربیع الاول	۲۶ اپریل	بیساکھ بدی پنچمی سنہ ۱۹۹۷ب	جمعہ	۱	
۱۲	سالگرہ ملک معظم قیصر ہند	[illegible] ربیع الثانی	۱۳ جون	جیٹھ بدی اشٹمی	پنجشنبہ	۱	
۱۳	سلونو	۱۳ رجب	۱۷ اگست سنہ ۱۹۴۰ء	ساون سدی پورنماشی	شنبہ	۱	
۱۴	ولادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام	۱۴ رجب	۱۸ اگست سنہ ۱۹۴۰ء	بھادوں بدی پڑوا	یکشنبہ	۱	
۱۵	جنم اشٹمی	۲۱ رجب	۲۵ اگست	بھادوں بدی اشٹمی	یکشنبہ	۱	
۱۶	یوم بعثت	۲۷ رجب	یکم ستمبر سنہ ۱۹۴۰ء	بھادوں بدی چودس	یکشنبہ	۱	
۱۷	اننت چودس	۱۲ شعبان	۱۵ ستمبر سنہ ۱۹۴۰ء	بھادوں سدی چودس	یکشنبہ	۱	
۱۸	شب برات	۱۴ شعبان	۱۷ ستمبر سنہ ۱۹۴۰ء	کنوار بدی پڑوا	سہ شنبہ	۱	
۱۹	ولادت صاحب الامر علیہ السلام	۱۵ شعبان	۱۸ ستمبر سنہ ۱۹۴۰ء	کنوار بدی دوج	چہارشنبہ	۱	
۲۰	درگا اشٹمی	۵ رمضان	۸ اکتوبر سنہ ۱۹۴۰ء	کنوار سدی اشٹمی	سہ شنبہ	۱	
۲۱	دسہرہ	۷ رمضان	۱۰ اکتوبر سنہ ۱۹۴۰ء	کنوار سدی دسمی	پنجشنبہ	۱	
۲۲	شہادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام	۱۹ لغایت ۲۱ رمضان	۲۲ لغایت ۲۴ اکتوبر	کاتک بدی پنچمی لغایت ستمی	سہ شنبہ لغایت پنجشنبہ	۳	
۲۳	دیوالی	۲۸ و ۲۹ رمضان	۳۰ و ۳۱ اکتوبر	کاتک بدی اماوس و کاتک سدی پڑوا	چہارشنبہ و پنجشنبہ	۲	
۲۴	عید الفطر	یکم لغایت ۳ شوال	۲ لغایت ۴ نومبر	کاتک سدی تیج لغایت پنچمی	شنبہ لغایت دوشنبہ	۳	
۲۵	گنگا اشنان	۱۳ شوال	۱۴ نومبر سنہ ۱۹۴۰ء	کاتک سدی پورنماشی	پنجشنبہ	۱	
۲۶	سالگرہ ولادت باسعادت حضور پرنور [illegible]	۱۶ شوال	۱۷ نومبر سنہ ۱۹۴۰ء	اگھن بدی دوج	یکشنبہ	۱	
۲۷	سالگرہ [illegible]	۲۱ شوال	۲۲ نومبر سنہ ۱۹۴۰ء	اگھن بدی ستمی	جمعہ	۱	
۲۸	سالگرہ [illegible]	۳ ذیقعدہ	۳ دسمبر سنہ ۱۹۴۰ء	اگھن سدی اکادشی	سہ شنبہ	۱	
۲۹	یوم کلاں	۲۵ و ۲۶ ذیقعدہ	۲۵ و ۲۶ دسمبر سنہ ۱۹۴۰ء	پوس سدی اکادشی و دوادشی	چہارشنبہ و پنجشنبہ	۲	
۳۰	کرسمس ڈے	یکم ذی الحجہ	۳۱ دسمبر سنہ ۱۹۴۰ء	پوس سدی پنچمی	سہ شنبہ	۱	

روبکار۔ واقع ۵ر دسمبر ۱۹۳۹ء

مابدولت واقبال شیر اور گلدار کا شکار کھیلیں گے لہٰذا حدود ریاست میں شیر اور گلدار کے شکار کی ممانعت کی جاتی ہے صیغہ پولیس مال اور جنگلات سے نگرانی کا خاص طور پر انتظام کیا جائے اور حکم ہذا کی سختی کے ساتھ تعمیل کیجائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار۔ واقع ۵ر دسمبر ۱۹۳۹ء

مابدولت واقبال نے بموقع دربار سالگرہ ہمایوں اپنی تقریر مطبوعہ گزٹ ۲۵ر نومبر ۳۹ء میں اعلان کیا تھا کہ بسلسلۂ تشکیل جدید مجلس واضع قوانین ۱۱ر دسمبر کو غیر معمولی گزٹ سرکاری میں ان اصلاحات کا نفاذ کیا جائے گا اب اعلان کیا جاتا ہے کہ ان اصلاحات کا نفاذ یکم جنوری ۱۹۴۰ء کو غیر معمولی گزٹ میں کیا جائے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کی جائے

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- واقع ۵ر دسمبر ۱۹۳۹ء

مزکینہ عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل باستدعائے صدور حکم منظوری مزید رخصت تین ہفتہ باوسط سالم تنخواہ مطلوبہ مسمی عبداللہ آرمیچر صیغہ روشنی برقی مشاہرہ دار پچاس روپیہ از ۱۲ر نومبر ۱۹۳۹ء بسلسلۂ سابقہ بوجہ بقائے علالت نامبردہ حسب تحقیق مصدقہ صیغہ فائنانس۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ عبداللہ آرمیچر کی مزید رخصت تین ہفتہ از ۱۲ر نومبر ۱۹۳۹ء باوسط سالم تنخواہ بسلسلۂ سابقہ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- واقع ۵ر دسمبر ۱۹۳۹ء

مزکینہ عرضداشت صاحب فائنانس سکریٹری بہادر باستدعائے صدور حکم منظوری رخصت باوسط سالم تنخواہ دس یوم مطلوبہ منشی عبدالکبیر خاں سینیر سپرنٹنڈنٹ دفتر مشاہرہ دار ایک سو پچاس روپیہ از یوم استفادہ بغرض روانگی لکھنؤ

بضرورت علاج خود بدیں صراحت کہ
انکا کام سینیر سپرنٹنڈنٹ فائنانس
آفس زمانہ رخصت میں انجام دیں گے

حکم

بموجب رپورٹ۔ منشی عبد الکبیر خاں سینیر سپرنٹنڈنٹ
آفس کی رخصت دس یوم باوسط سالم تنخواہ
یوم استفادہ سے منظور ہے۔ انکا کام سینیر
سپرنٹنڈنٹ فائنانس آفس انجام دیں گے
سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

حکم واقع ۵ر دسمبر ۱۹۳۹ء

ملاحظہ عرضداشت صاحب سکریٹری
بہادر اشار باتد عائے صدور حکم منظوری
عطائے مبلغ چار روپیہ بہ منشی
رنگی لال المہد صیغہ انہار بابتہ الاونس
ایکماہ دس یوم بحساب تین روپیہ
ماہوار حسب اتفاق صیغہ فائنانس
بصلہ کارکردگی بجائے منشی نظیر احمد خاں
مہتمم اسٹور وگھاٹ رخصتی ایک ماہ
دس یوم بوضع کل تنخواہ از ۲۵ر ستمبر ۱۹۳۹ء

حکم

بموجب رپورٹ۔ الاونس کارکردگی دیئے
جانے کی منظوری دی جاتی ہے۔ سررشتہ
صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

حکم واقع ۵ر دسمبر ۱۹۳۹ء

بموجب رپورٹ قواعد سفر خرچ میں ترمیم
حسب مسودہ فلیگ (الف) منظور ہے
سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ
جاری ہوں
دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض میرساند
جناب عالی

ضمیمہ ۳ قواعد سفر خرچ میں تحصیلدار صاحبان
کے لئے یہ رعایت رکھی گئی ہے کہ جب وہ ہیڈکوارٹر
سے پانچ میل سے زیادہ بکار سرکار ۲۴ گھنٹے
یا اس سے زائد قیام کریں تو سواری الاونس کے
علاوہ یومیہ بھتہ بھی پائیں گے۔
عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز ہے
کہ چونکہ بضرورت معائنہ وغیرہ اسسٹنٹ منیجران
(نائب تحصیلداران) کو کافی دورہ کرنا پڑتا ہے
اسلئے اسسٹنٹ منیجران کو بھی جب کہ ہیڈکوارٹر
سے زائد از پانچ میل بکار سرکار ۲۴ گھنٹے
یا اس سے زائد قیام کریں تو مثل تحصیلدار صاحبان
کے سواری الاونس کے علاوہ یومیہ بھتہ
بھی دیا جائے۔
کونسل نے جلسہ منعقدہ ۲۳ر اکتوبر ۱۹۳۹ء
میں تجویز مذکورہ بالا سے اتفاق کیا اور طے پایا کہ
برائے منظوری بحضور معلیٰ عرض کیا جائے۔
صیغہ فائنانس سے بلحاظ تجویز مستذکرہ

صدر قواعد میں ترمیم کا مسودہ (فلیگ الف) مرتب کر کے شامل کیا گیا ہے اور صدور حکم کے لئے کاغذات بھیجے ہیں جو ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں ترقیخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید باد

عــہ دستخط سکریٹری صاحب بہادر اسٹیٹ کونسل ضمیمہ
معروضہ ۵ر دسمبر ۱۹۳۹ء

ترمیم قواعد سفر خرچ
ریاست رامپور

قواعد سفر خرچ ضمیمہ ۳ متعلقہ محکمہ مال سطر اول میں الفاظ "تحصیلداران" اور "نائب تحصیلداران" کے درمیان الفاظ "اسسٹنٹ منیجران" ایزاد کئے جائیں اور سطر ہفتم میں الفاظ "البتہ تحصیلدار صاحبان" کے بعد الفاظ "اسسٹنٹ منیجر صاحبان" ایزاد کئے جائیں۔

حکم:- واقع ۹ر دسمبر ۱۹۳۹ء

عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل مع تحریر عالیجناب صاحب ہوم منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم معافی قصور وعطائے اجازت ملازمت بروقت خلوت آسامی مسمی علی حسین خاں ملازم سابق محافظ خانہ صدر برخاست شدہ۔

حکم

بموجب رپورٹ علی حسین خاں برخاست شدہ محافظ خانہ صدر کو علاوہ صدر اور محافظ خانجات کے ملازمت کی اجازت دی جاتی ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- واقع ۹ر دسمبر ۱۹۳۹ء

عرضداشت صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر بطبق تحریر میر منشی صاحب اجلاس ہمایوں وصدر باستدعائے صدور حکم تنسیخ رخصت بلا وسط سالم تنخواہ ایک ماہ منشی محمد اختر محافظ دفتر دیوانی (منظور شدہ از تاریخ استفادہ بحکم ۱۴ر اگست ۱۹۳۹ء) بوجہ عدم استفادہ

حکم

بموجب رپورٹ محافظ دفتر دیوانی کی رخصت منظور شدہ منسوخ کی جانا منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم